
# گاڑیوں کا شور کن خطرناک امراض کا سبب ہے؟ ہوشربا تحقیق



جولوگ شہروں میں خصوصاً سڑکوں کے قریب واقع مکانات یا فلیٹوں میں رہائش پذیر ہیں وہ ٹریفک کے گزرنے سے پیدا ہونے والے شور کی ذہنی اذیت سے بخوبی واقف ہیں۔

ویسے تو گاڑیوں سے نکلنے والا دھواں بھی صحت کیلئے انتہائی خطرناک ہے تو دوسری جانب انجن اور ہارن کی آوازیں بھی سننے والوں کو بے چینی کی حدتک پریشان کیے رکھتی ہیں۔

ایک نئی تحقیق کے مطابق مصروف سڑکوں کے آس پاس رہنے والے لوگوں کے لیے ٹریفک کا شور سنگین بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔

ٹریفک

دنیا بھر کے مختلف انسٹی ٹیوٹ میں کی جانے والی حالیہ تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ ٹریفک کا شور بھی آپ کو کئی امراض میں مبتلا کرسکتا ہے۔

اس حوالے سے ڈینش کینسر انسٹی ٹیوٹ، سوئٹزرلینڈ کے سوئس ٹراپیکل اینڈ پبلک ہیلتھ انسٹی ٹیوٹ، یونیورسٹی آف پنسلوانیا کے پیرل مین اسکول آف میڈیسن اور مینز یونیورسٹی کے شعبہ امراض قلب کے ماہرین کے مطابق ٹریفک کا شور امراض قلب اور دماغی بیماری کا سبب بنتا ہے۔

کلیولینڈ کلینک نے وضاحت کی ہے کہ سیریبرو ویسکولر نامی بیماری ایک ایسی حالت ہے جو آپ کے دماغ میں خون کے بہاؤ کو متاثر کرتی ہے جیسے کہ فالج، دماغ میں خون کے رساؤ اور دل کی شریانوں کی بیماری شامل ہے۔ اس لیے ٹریفک کا شور ان حالات کے لیے حقیقی خطرہ ہے۔

تحقیق کے مرکزی مصنف ڈاکٹر تھامس منزیل کا کہنا ہے کہ ٹریفک کے شور پر قابو پانے کی کوششیں اور شور کو کم کرنے کے لیے بنائے جانے والے قوانین مستقبل میں صحت عامہ کے لیے مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔

حالیہ تحقیق میں ایسے ٹھوس شواہد سامنے آئے ہیں جن میں ٹریفک کے شور کو امراض قلب کے خطرے کے ایک اہم عنصر کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

ٹریفک کا شور میں گاڑیوں، ٹرینوں اور ہوائی جہازوں کا شور شامل ہے، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن نے رپورٹ کیا کہ دل کی بیماری دل اور خون کی شریانوں میں خرابی سے جنم لیتی ہے، ٹریفک کے شور کی وجہ سے مغربی یورپ میں ہر سال 6.1 ملین افراد متاثر ہوتے ہیں۔


تحقیق میں شامل محققین کا کہنا ہے کہ رات کے وقت ٹریفک کا شور خاص طور پر اور بھی زیادہ نقصان دہ ثابت ہوتا ہے کیونکہ یہ لوگوں کو نیند سے جگانے کا سبب بنتا ہے اور نیند متاثر ہونے سے صحت پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

شورشرابہ

نیند میں خلل اسٹریس ہارمونز میں اضافے کا باعث بنتا ہے اور جسم میں دماغ اور خون کی شریانوں پر آکسیڈیٹیو تناؤ کو بڑھتا ہے جو جسم میں فری ریڈیکلز کے اضافے کا باعث بنتا ہے، یہ فری ریڈیکلز خلیات کو نقصان پہنچا کر بیماری اور عمر بڑھنے کا باعث بن سکتے ہیں۔

ٹریفک کے شور کی وجہ سے نیند کی کمی اندرونی سوزش اور ہائی بلڈ پریشر میں اضافے کا سبب بن کر امراض قلب کا خطرہ بڑھاتی ہیں۔

# سائنس دانوں نے پودوں کے جینیاتی کوڈ کے 1 ارب سے زائد حروف کی مدد سے ناقابل یقین کارنامہ انجام دے دیا



279 سائنس دانوں نے جینیاتی کوڈ کے 1 ارب سے زائد حروف کی مدد سے پھولدار پودوں کا ناقابل یقین ٹری آف لائف بنا کر دنیا کو حیران کر دیا۔

جریدے نیچر میں شائع ہونے والی ایک ریسرچ اسٹڈی کے مطابق 279 سائنس دانوں کی ایک بین الاقوامی ٹیم نے 9,500 سے زیادہ پھولدار پودوں کی نسلوں (species) کے جینیاتی کوڈ کے 8.1 بلین حروف کا استعمال کرتے ہوئے ایک حیرت انگیز ٹری آف لائف تشکیل دیا ہے۔

بہت بڑا کارنامہ

اس شجر حیات کا استعمال کرتے ہوئے دنیا بھر کے ماہرین حیاتیات و نباتات کو یہ جاننے میں مدد ملے گی کہ پھولدار پودوں نے لاکھوں برس میں کیسے ارتقا کیا، اور زمین پر اس نے دیگر نباتات کے مقابلے میں کس طرح ماحولیاتی غلبہ حاصل کیا۔ واضح رہے کہ صرف پھولدار پودے زمین پر تمام معلوم پودوں کا تقریباً 90 فی صد ہیں اور عملی طور پر کرہ ارض پر ہر جگہ پائے جاتے ہیں۔

یہ ایک ایسا عظیم اور حیرت انگیز ڈیٹا ہے جس تک دنیا بھر کے سائنس دانوں کو کھلی رسائی حاصل ہوگی، اور وہ اسے مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلیجنس) کے ساتھ جوڑ کر یہ اندازہ لگانے کے قابل ہو جائیں گے کہ کون سے پودوں کی نسلوں میں شفا بخش (medicinal) خواص والے مالیکیولز موجود ہو سکتے ہیں۔

اس ٹری آف لائف (شجرحیات) کی مدد سے اس بات کی پیش گوئی بھی کی جاسکے گی کہ مستقبل میں کیڑے اور بیماریاں کس طرح پودوں کو متاثر کریں گی، اور ان بیماریوں کو بہتر طور پر سمجھنے میں بھی مدد ملے گی۔

حیرت انگیز طور پر وسیع تحقیق

یہ تحقیق رائل بوٹینک گارڈنز، کیو، لندن کے سائنس دانوں کی سربراہی میں کی گئی، جس میں بین الاقوامی سطح پر 138 تنظیموں نے حصہ لیا، اور اس ٹری آف لائف کی تشکیل اس سے قبل ہونے والے تقابلی مطالعہ جات سے 15 گنا زیادہ ڈیٹا کی مدد سے کی گئی ہے۔ اور اس مقصد میں پھولدار پودوں کی جن نسلوں کا استعمال کیا گیا ہے، ان میں سے 800 سے زیادہ نسلیں ایسی ہیں جن کا ڈی این اے پہلے کبھی کسی تحقیق کا حصہ نہیں بنایا گیا۔

اس تحقیق میں شامل سائنس دانوں نے کہا ہے کہ انھوں نے جو ڈیٹا ترتیب دیا ہے، اس کی مدد سے پھولدار پودوں کی نئی نسلیں شناخت کی جاسکیں گی، پودوں کی جو درجہ بندی ہوئی ہے اسے مزید بہتر بنایا جا سکے گا، نئے ادویاتی مرکبات دریافت کیے جاسکیں گے، اور موسمیاتی تبدیلی (کلائمٹ چینج) اور حیاتیاتی تنوع کے خاتمے (biodiversity loss) کی صورت میں پودوں کو محفوظ کیا جاسکے گا۔

پھولدار پودوں کا عظیم شجرحیات

سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ اس 'شجرحیات' میں حیاتیاتی تنوع کے حوالے سے زبردست وسعت موجود ہے، یہ اتنا وسیع ہے، اور اس میں اتنے زیادہ اور متنوع پھولدار پودے شامل کیے گئے ہیں، کہ جس طرح کسی مخصوص عرصے سے متعلق جدول (periodic table) میں ایک عنصر کی پوزیشن کی بنیاد پر اس کے خواص کی پیشگوئی کی جاسکتی ہے، اسی طرح اس 'ٹری آف لائف' میں کسی پھولدار پودے کی نسل کی لوکیشن سے محققین اس کی خواص کی پیشگوئی کرسکیں گے۔

اس تحقیق کے ذریعے جو ڈیٹا جمع کیا گیا ہے، اسے پروسیس کرنے میں ایک واحد کمپیوٹر کو 18 سال لگیں گے۔ اسے پھولدار پودوں کی تمام 3 لاکھ 30 ہزار معلوم نسلوں کے لیے 'ٹری آف لائف' کی تشکیل کی طرف ایک بہت بڑا اقدم قرار دیا گیا ہے۔

محققین نے 2 اہم باتیں بتائیں

رائل بوٹینک گارڈنز کے ریسرچ فیلو الیگزینڈر زونٹیلی نے کہا "لاکھوں ڈی این اے سیکوئنسز میں چھپی معلومات کو ڈی کوڈ کرنے کے لیے، ڈیٹا کی اس بے مثال مقدار کا تجزیہ کرنا ایک بہت بڑا چیلنج تھا۔ لیکن اس چیلنج نے ہمیں پودوں کی 'ٹری آف لائف' کے بارے میں ہمارے علم کا ازسر نو جائزہ لینے اور اسے بڑھانے کا منفرد موقع بھی فراہم کیا، جس سے پودوں کے ارتقائی پیچیدگی کی دریافت کے لیے ایک نئی کھڑکی کھل گئی ہے۔"

ڈیپارٹمنٹ آف ایکولوجی اینڈ ایوولوشنری بائیولوجی میں پروفیسر اور اس ریسرچ کے شریک مصنف ماہر حیاتیات اسٹیفن اسمتھ نے کہا "جب بھی ہم جنگل میں جاتے ہیں تو پھولدار پودے ہمارا استقبال کرتے ہیں اور ہمیں کھانا کھلاتے ہیں، اور کپڑے پہناتے ہیں۔ ان پھولدار پودوں کا 'ٹری آف لائف' تشکیل دینا ایک ایسا چیلنج اور ہدف تھا جو ارتقائی حیاتیات کو ایک صدی سے زائد عرصے سے درپیش تھا۔ اب اس پروجیکٹ کی وجہ سے پھولدار پودوں کی زیادہ تر نسلوں پر مشتمل ایک وسیع ڈیٹا سیٹ فراہم ہوگیا ہے۔"

ایک اور خصوصیت

پھولدار پودوں کے اس ٹری آف لائف کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں پودوں کے 200 فوسلز سے حاصل شدہ جینز کا ڈیٹا بھی شامل کیا گیا ہے۔ اور خشک کیے گئے ایسے پودوں کا ڈی این اے بھی حاصل کیا گیا جو چارلس ڈارون اور جوزف ہو کر نے اپنی تحقیق کے دوران محفوظ کیے تھے، اور ان کی زندگی میں ابھی ڈی این اے بھی دریافت نہیں ہوا تھا۔

# اے آئی ٹیکنالوجی سے "ناراض بیوی" کو منانا ہوا انتہائی آسان؟



دنیا بھر میں بہت سے شعبوں میں آرٹی فیشل انٹیلی جنس (اے آئی) ٹیکنالوجی کا استعمال انتہائی کامیابی سے ہو رہا ہے، مگر اب آپ اے آئی ٹیکنالوجی کی مدد سے اپنی ناراض بیوی کو بھی انتہائی آسانی سے منا سکتے ہیں۔

غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق ایک کمپنی کی جانب سے اینگری جی ایف نامی عجیب اے آئی چیٹ بوٹ متعارف کرایا گیا ہے، جو لوگوں کو یہ سکھاتا ہے کہ کس طرح اپنی ناراض یا مشتعل بیوی کو غصے سے نجات دلائی جا سکتی ہے۔

ایمیلیا اویلز جو اسے تیار کرنے والی ٹیم میں شامل تھے، اُن کا کہنا تھا کہ یہ ایپ ڈیزائن کرنے کا مقصد بیویوں کے ساتھ تعلق میں آنے والی خرابی دور کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔

اُن کا اس کی وضاحت کرتے ہوئے مزید کہنا تھا کہ یہ ایپ ایسے منظر نامے متحرک کرتی ہے جن میں حقیقی زندگی میں بیوی سے جھگڑے کا امکان بڑھتا ہے۔

یہ کسی گیم کی طرح ہے اور صارف کو 0 سے 100 اسکور کو حاصل کرنا ہوتا ہے، 0 اسکور پر گیم اوور ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف کوششیں اور الفاظ اے آئی گرل فرینڈ کے موڈ پر اپنا اثر دکھاتے ہیں، اچھے الفاظ سے اس کا مزاج خوشگوار ہو جاتا ہے اور اسکور میں بھی اضافہ ہوتا ہے، جبکہ غیر اخلاقی اور نامناسب الفاظ پر مزاج مزید بدتر ہو جاتا ہے جبکہ اسکور میں بھی کمی ہوتی ہے۔

ایمیلیا اویلز کا کا کہنا تھا کہ دیکھا جائے تو یہ ایک گیم ہے، مگر اس سے صارفین کو شریک حیات سے تعلق کے حوالے سے صلاحیت سیکھنے یا اسے بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔

# اپنا آئی فون خود مرمت کریں، لیکن کیسے؟



امریکی ٹیکنالوجی کمپنی ایپل کی جانب سے اپنے صارفین کی سہولت کیلئے نئی سہولیات فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس بار بھی ایپل ایک نئے فیچر کا اضافہ کر رہا ہے، اب آپ گھر بیٹھے باآسانی اپنے خراب آئی فون کی مرمت کر سکتے ہیں۔

غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایپل نے اپنے صارفین کے لیے اپنی پالیسی میں بڑی تبدیلی کا اعلان کیا ہے جس کے مطابق اب صارفین کے لیے آئی فونز کی خود مرمت کرنا آسان ہوگیا ہے۔ ایپل نے کچھ عرصہ قبل آئی فونز کے لیے خود مرمت کا پروگرام شروع کیا تھا تاہم اب تک صرف کمپنی کے پاس ہی اپنے آئی فونز کی مرمت کا حق تھا۔ ساتھ ہی ایپل کی نئی پالیسی کے نفاذ کے بعد صارفین کو بڑا ریلیف ملے گا اور ان کی جیبوں پر بوجھ بھی کم ہوگا۔

ایپل نے یہ پروگرام امریکہ کے ساتھ ساتھ دیگر ممالک میں بھی شروع کیا لیکن زیادہ تر لوگوں نے اس کے بارے میں شکایت کرتے ہوئے کہا کہ اس کا عمل مشکل ہونے کے ساتھ ساتھ محدود بھی ہے۔ کمپنی اس مسئلے پر تیزی سے کام کررہی ہے کہ آئی فون کو گھر پر کیسے اور کن ذرائع سے ٹھیک کیا جاسکتا ہے۔

اس ڈیوائس کی مرمت کے لیے جو ٹول باکس کے ساتھ ساتھ اسپیئر پارٹس کی فراہمی میں ایپل کی مدد کی ضرورت ہوتی تھی، اب کمپنی کا کہنا ہے کہ لوگ اپنے آئی فونز کی مرمت ان ٹولز سے کرسکیں گے جو ان کے پاس پہلے سے موجود ہیں۔

واضح رہے کہ یہ دعویٰ آئی فون 15 کے لیے کیا گیا تھا، رپورٹس کے مطابق ایپل آئی فون 15 اور اس کے بعد کے ماڈلز کے لیے خود مرمت کی ایک نئی پالیسی لا رہا ہے، جسے استعمال شدہ ڈسپلے، بیٹریوں اور کیمروں سے ٹھیک کیا جاسکتا ہے۔

# یوٹیوبر کی 85 فٹ سے گرنے کی ویڈیو نے دل دہلا دیے



ٹیکساس: امریکی یوٹیوبر کی پیرا موٹر کے ذریعے پرواز کرتے ہوئے اچانک زمین پر گرنے کی ویڈیو نے دیکھنے والوں کے دل دہلا دیئے اس کی گردن اور کمر میں فریکچر ہوگیا۔ امریکی یوٹیوبر 92 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے اڑتے ہوئے ٹیکساس کے صحرا میں گلائیڈر گرنے کے بعد معجزانہ طور پر موت سے محفوظ رہا، پیرا موٹر کیمروں نے اونچائی سے اس کے گرنے کا خوفناک منظر ریکارڈ کرلیا۔

33 سالہ پیرا شوٹر انتونی ویلا نے اس ہولناک واقعے کی ویڈیو یوٹیوب پر شیئر کی گئی ہے، جس کا عنوان 'پیراموٹر کریش، آل موسٹ مائی لائف' ہے اس نے انکشاف کیا کہ وہ 85 فٹ کی بلندی سے اس وقت گرا جب اس نے پیراموٹر کا کنٹرول کھو دیا تھا۔

رپورٹ کے مطابق سر پر نصب کیمرے کے ایک ویڈیو کلپ نے اس ہولناک لمحے کو محفوظ کرلیا واقعے کے وقت وہ 50 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اُڑ رہا تھا اور تقریباً 30 میٹر کی بلندی سے اچانک زمین پر گر گیا۔

پیراشوٹ پر نصب کیمروں نے اس منظر کو تین اطراف سے ریکارڈ کیا، کہ کیسے پیراشوٹ کی ایک رسی ٹوٹی اور وہ زمین پر گرا پھر آدھے گھنٹے تک درد سے کراہتا اور روتا رہا۔

پیرا گلائیڈر انتونی ویلا نے ایپل ڈیوائسز پر ریکیو ادارے سے 911 پر کال کر کے طبی امداد طلب کی اور کہا کہ "براہ کرم میری مدد کریں، میری فلائنگ مشین خراب ہوگئی ہے جسے کچھ ہی دیر میں اسپتال پہنچا دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق یوٹیوبر انتونی ویلا کو کئی سخت چوٹیں آئی ہیں، ڈاکٹروں کے مطابق اس کی گردن، کمر اور دائیں بازو میں فریکچر کا انکشاف ہوا ہے اور ان سب کی سرجری کی ضرورت ہے۔

# کون کون سے پاس ورڈ زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں؟

اپنی آن لائن شناخت اور نجی معلومات کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنے پاس ورڈز کا خیال رکھنا ہمیشہ کی طرح ضروری ہے۔ ڈیٹا قوانین کی خلاف ورزیاں اور سائبر حملے روز بروز عام ہوتے جا رہے ہیں، مضبوط پاس ورڈ کے اہم عناصر میں سے ایک اس کی انفرادیت ہے لیکن کچھ پاس ورڈ اس کے علاوہ کچھ بھی ہوتے ہیں۔

یہاں دنیا بھر کے لوگوں کے پاس ورڈز میں استعمال ہونے والے سب سے زیادہ استعمال ہونے والے پاس ورڈز اور جملے ہیں جو میڈیا کی تحقیقاتی ٹیم کے ذریعے جمع کیے گئے ہیں۔ پاس ورڈ سیکیورٹی کے معاملے پر ڈیٹا اور بزنس انٹیلی جنس سے متعلق عالمی پلیٹ فارم 'سٹیسٹا' کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کے دوران دنیا بھر میں 10 پاس ورڈز سب سے زیادہ استعمال کیے گئے۔

اسٹیٹا کی رپورٹ کے مطابق ان پاس ورڈز کی تفصیلات کے مطابق تقریباً 525.4 ملین لوگوں نے "123456" کو اپنے پاس ورڈ کے طور پر استعمال کیا۔ اس کے بعد تقریباً 4 لاکھ 10 ہزار لوگوں نے "ایڈمن"، 13 لاکھ 71 ہزار سے زائد لوگوں نے "12345678"، 12 لاکھ 13 ہزار سے زائد لوگوں نے "123456789" اور تقریباً 970 ہزار لوگوں نے "1234" پاس ورڈ کے طور پر استعمال کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 728 ہزار سے زائد لوگوں نے "12345" ٹائپ کیا، 710 ہزار سے زائد لوگوں نے "پاس ورڈ" ٹائپ کیا، 528 ہزار سے زائد لوگوں نے "123" ٹائپ کیا تقریباً 320 ہزار لوگوں نے "Aa123456" ٹائپ کیا۔ اور تقریباً تین لاکھ تین ہزار لوگوں نے "1234567890" کو پاس ورڈ کے طور پر استعمال کیا۔

ٹیکنالوجی کی دنیا میں سب سے اہم امریکی کمپنی مائیکروسافٹ کی سفارشات کے مطابق آپ کو محفوظ پاس ورڈ کے لیے ان چیزوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ پاس ورڈ ایسا لفظ نہیں ہونا چاہیے جو کسی لغت میں پایا جاسکے، اور نہ ہی یہ کسی شخص، کسی کردار، کسی پروڈکٹ یا کسی تنظیم کا نام ہونا چاہیے۔ پاس ورڈ میں کم از کم 12 حروف ہونے چاہئیں، 14 زیادہ بہتر ہے۔

آپ کا پاس ورڈ بڑے حروف، چھوٹے حروف، اعداد اور علامتوں کا مجموعہ ہونا چاہیے۔ پاس ورڈز آپ کے لیے یاد رکھنے میں آسان ہوں لیکن کسی اور کے لیے اندازہ لگانا آسان نہ ہوں۔

